
3


4823CH03

# سب کو خوش رکھنا آسان نہیں



ایک بوڑھا آدمی اور اس کا بیٹا کہیں جارہے تھے۔ بوڑھا گدھے پر سوار تھا اور لڑکا گدھے کی رسّی پکڑے آگے آگے چل رہا تھا۔ راستے میں ایک آدمی انھیں دیکھ کر کہنے لگا، ”ذرا اس بوڑھے کو دیکھنا، خود تو گدھے پر سوار ہے اور بچّے کو پیدل چلا رہا ہے۔“

بوڑھا یہ سُن کر گدھے سے اُتر گیا اور بیٹے سے بولا، ”یہ آدمی ٹھیک کہتا ہے۔ لو، اب تم سوار ہو جاؤ، میں پیدل چلتا ہوں۔“



بیٹے کو باپ کا حکم ماننا پڑا۔ وہ گدھے پر سوار ہوگیا اور باپ پیدل چلنے لگا۔ ابھی وہ تھوڑی ہی دور گئے ہوں گے کہ ایک اور آدمی مِلا۔ وہ اُنھیں دیکھ کر کہنے لگا، ”ذرا اس نالائق لڑکے کو دیکھنا، خود تو گدھے پر سوار ہے اور بوڑھے آدمی کو پیدل گھسیٹ رہا ہے۔“


© NCERT not to be republished



بوڑھے نے یہ سُن کر بیٹے کو بھی گدھے سے اُتار لیا اور دونوں پیدل چلنے لگے۔ تھوڑی دور چلے ہوں گے کہ تیسرا آدمی ملا۔ وہ اُنھیں دیکھ کر بولا، ''اِن بے وقوفوں کو تو دیکھو، سواری کے ہوتے ہوئے بھی پیدل چل رہے ہیں۔'' یہ سُن کر دونوں باپ بیٹے گدھے پر سوار ہوگئے۔ آگے چل کر اُنھیں ایک بوڑھی عورت ملی۔ وہ اِن دونوں کو گدھے پر سوار دیکھ کر کہنے لگی، ''کتنے ظالم لوگ ہیں! اِنھیں بے زبان جانور پر ذرا ترس نہیں آتا۔ بے چارے کو بوجھ سے مارے ڈالتے ہیں۔''

بوڑھا یہ سن کر بیٹے سے کہنے لگا، ''لاؤ، اس بوڑھی عورت کا بھی دل خوش کردیں۔'' یہ کہہ کر بوڑھے نے ایک درخت کی موٹی سی شاخ توڑی۔ پھر دونوں نے اُس شاخ سے گدھے کی ٹانگیں باندھیں اور گدھے کو کندھوں پر اُٹھا کر لے چلے۔

راستے میں ایک دریا پڑتا تھا جس پر پُل بنا ہوا تھا۔ جب وہ پُل پر پہنچے تو گدھے نے گھبرا کر دولتّیاں جھاڑیں۔ دولتّیاں چلانے سے گدھے کے پیروں میں بندھی ہوئی رسّی ٹوٹ گئی اور وہ دریا میں جا پڑا۔ بوڑھا بولا ''افسوس! ہم نے سب کو خوش کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی بھی خوش نہ ہوا اور گدھا بھی ہاتھ سے گیا۔''





© NCERT not to be republished

# مشق

## I پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| ظالم | : | ظلم کرنے والا |
| نالائق | : | جو لائق نہ ہو |
| بے زبان | : | جو اپنی بات نہ کہہ سکے |
| ترس آنا | : | رحم آنا |
| شاخ | : | ڈال |
| دولتّی جھاڑنا | : | گدھے یا گھوڑے کا لاتیں چلانا |

## II سوچیے اور بتائیے:

1۔ پہلے آدمی نے باپ بیٹے کو دیکھ کر کیا کہا؟

2۔ دوسرے آدمی نے بیٹے کو نالائق کیوں کہا؟

3۔ تیسرے آدمی نے باپ بیٹے کے بارے میں کیا کہا؟

4۔ ''اِنھیں بے زبان جانور پر ذرا ترس نہیں آتا۔'' یہ بات کس نے کہی؟

5۔ سب کو خوش کرنے کی کوشش کا انجام کیا ہوا؟

## III سبق کی مدد سے جملے مکمّل کیجیے:

1۔ راستے میں ایک ..............انھیں دیکھ کر کہنے لگا۔

2۔ ابھی وہ تھوڑی ہی ................گئے ہوں گے کہ ایک اور آدمی ................۔

3۔ ان ..............کو تو دیکھو، ................کے ہوتے ہوئے بھی ..............چل رہے ہیں۔

© NCERT not to be republished

4۔ ''لاؤ، اس بوڑھی عورت کا بھی دل ...............کر دیں۔

5۔ جب وہ پُل پر پہنچے تو گدھے نے گھبرا کر.................جھاڑیں۔

## IV نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے:

پیدل درخت جانور حکم دریا

## V اس سبق میں ''نالائق'' اور ''بے زبان'' دو لفظ آئے ہیں جو نا+لائق اور بے+زبان سے بنے ہیں۔

☜ اسی طرح آپ بھی 'نا' اور 'بے' لگا کر چار چار لفظ لکھیے:

## VI بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

| حکم | نالائق | بے وقوف | عورت | درخت | زبان | افسوس | ظالم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

## VII ان جملوں کو غور سے پڑھیے:

1۔ ایک بوڑھا آدمی اور اس کا بیٹا کہیں جا رہے تھے۔

2۔ لڑکا گدھے کی رسّی پکڑے آگے آگے چل رہا تھا۔

3۔ لڑکا بوڑھے باپ کو سڑک پر پیدل گھسیٹ رہا ہے۔

ان جملوں میں آدمی، بیٹا، لڑکا، گدھا، رسی اور سڑک مختلف نام ہیں۔ وہ لفظ جس سے کسی شخص، کسی جگہ یا کسی چیز کا نام ظاہر ہو، اسے اسم کہتے ہیں۔

☜ اسی طرح آپ بھی اس سبق سے کچھ اور اسم تلاش کر کے لکھیے۔



© NCERT not to be republished